پریس ریلیز

گوجرانوالہ 23 مئی 2024ء

آر پی او گوجرانوالہ طیب حفیظ چیمہ اور رانا ایاز سلیم سی پی او گوجرانوالہ کی گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس کے صدر ضیاء الحق (شیخ فیصل ایوب) سے اہم ملاقات۔ جبکہ اس موقع پر سابق صدور گوجرانوالہ چیمبر اخلاق احمد بٹ، ملک ظہیر الحق، خواجہ ضرار کلیم، رانا شہزاد حفیظ، محمد شعیب بٹ، سابق سینئر نائب صدر عرفان سہیل اور ایس پی سٹی غیور احمد، ایس ایس پی آپریشن محمد رضا و اراکین مجلس عاملہ موجود تھے۔ طیب حفیظ چیمہ RPO گوجرانوالہ نے تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ بزنس کمیونٹی کا نہ صرف ملکی معیشت میں اہم رول ہے بلکہ انہی کے دیئے گئے ٹیکسوں سے اداروں کو چلایا جا رہا ہے۔ بزنس کمیونٹی کے لوگ باعزت اور باوقار ہیں شہر میں پرسکون کاروباری ماحول کی فراہمی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کی ملاقات کا مقصد بھی یہی ہے کہ بزنس کمیونٹی کے ساتھ رابطہ کو مضبوط کیا جائے اور باہمی مشاورت سے بزنس کمیونٹی کے مسائل کو حل کر کے بزنس کمیونٹی کو پرفضا کاروباری ماحول فراہم کیا جائے۔ شہر کو کرائم سے پاک کرنے میں میرا ہر جوان پوری تندہی سے اپنے فرائض سرانجام دے رہا ہے کاروباری لوگ بلا کسی خوف اپنے کاروباری معاملات چلائیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹھوس حکمت عملی کے ذریعے جرائم پیشہ افراد کیلئے گھیراؤ تنگ کیا جا رہا ہے۔ لاتعداد خطرناک گروہ کو کیفر کردار تک پہنچا دیا گیا۔

قبل ازیں صدر گوجرانوالہ چیمبر ضیاء الحق (شیخ فیصل ایوب) نے معزز مہمانوں کو گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس میں آمد پر خوش آمدید کہا کہ انہوں نے کہا کہ تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ یہ ہمارے شہر کی خوش قسمتی ہے کہ یہاں فرض شناس اور جرت مند پولیس آفیسر تعینات ہے بلاشبہ ان کی بہترین حکومت عملی سے شہر میں کرائم کی ریشو دیگر شہروں سے کم ہے۔ گوجرانوالہ چیمبر اور پولیس انتظامیہ کے مابین بہترین لائزان ہے یہی وجہ ہے کہ بزنس کمیونٹی کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل ہو رہے ہیں۔ انہوں نے سی پی او گوجرانوالہ رانا ایاز سلیم کے کام کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ بزنس کمیونٹی کے ساتھ ہوئی وارداتوں کے چند یوم بعد ملزم گرفتار کر کے ریکوریاں کروائیں ایسے پولیس آفیسر بزنس کمیونٹی کے ماتھے کا جھومر ہوتے ہیں۔ گوجرانوالہ چیمبر نے ہمیشہ پولیس انتظامیہ کے ساتھ شانہ بشانہ چل کر شہر میں امن بحال کرنے میں کردار ادا کیا انہوں نے کہا کہ مستقبل میں بھی گوجرانوالہ چیمبر پولیس انتظامیہ کو اپنے ہر ممکن تعاون کا یقین دلاتا ہے۔ بعدازاں صدر گوجرانوالہ چیمبر نے آر پی او گوجرانوالہ طیب حفیظ چیمہ اور رانا ایاز سلیم سی پی او گوجرانوالہ کو چیمبر آف کامرس کیطرف سے یادگاری شیلڈ پیش کی۔